27/03/2026 09.20 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اعجازہ اختر

وزارت گیس

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے کہا کہ ملک میں رسوئی گیس اور پیٹرولیم مصنوعات ذخیرہ کرنے کی کل گنجائش 74 دن کی ہے، جبکہ خام تیل اور تیار شدہ مصنوعات ذخیروں کا موجودہ حقیقی ذخیرہ 60 دن کے برابر ہے۔

وزارت نے دوبارہ واضح کیا ہے کہ ملک میں پیٹرولیم اور ایل پی جی کی فراہمی کی صورتحال مکمل طور پر محفوظ اور قابو میں ہے۔ اس نے کہا کہ ملک کے کسی بھی حصے میں ان اشیا کی کوئی کمی نہیں ہے۔

وزیر اعلیٰ

اس دوران وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں پیٹرولیم مصنوعات ، رسوئی گیس اور ضروری اشیاءکی کوئی کمی نہیں ہے ۔ جموں میں کل جموں میراتھن Expo کا افتتاح کرنے کے بعد میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے لوگوں سے تاکید کی کہ وہ افواہوں پر کان نہ دھریں ۔

LG شکریہ

مرکزی سرکار نے جموں و کشمیر کے لئے مرکزی امداد کے تحت 50 ارب روپے کی اضافی رقم واگزار کی ہے جس کے لئے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے وزیرِ اعظم نریندر مودی ، وزیرِ داخلہ امت شاہ اور وزیر خزانہ نرملا سیتارمن کا شکریہ ادا کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہا ہے کہ یہ رقم یو ٹی کی مالی حالت کو مستحکم بنانے میں مددگار ثابت ہو گی۔

عمر شکریہ

وزیرِ اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی وزیرِ اعظم نریندر مودی، وزیرِ داخلہ امیت شاہ اور وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بروقت اور نہایت اہم تعاون ترقیاتی کوششوں کو نمایاں طور پر مضبوط بنائے گا، بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کو تیز کرے گا اور جموں و کشمیر میں عوامی فلاح و بہبود کو فروغ دے گا۔

عمر اجلاس

وزیرِ اعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں کل شام جموں میں کابینہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں اہم ترقیاتی اقدامات اور طرزِ حکمرانی کی ترجیحات کا جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ میں خاص طور پر بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کو تیز کرنے، عوامی خدمات کی فراہمی کو مضبوط بنانے اور یوٹی بھر میں ہمہ گیر ترقی کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔میٹنگ میں نائب وزیر اعلی ، کابینی وزراءاور چیف سیکرٹری موجود تھے۔

بجٹ اجلاس

پانچ ہفتوں کے وقفے کے بعد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کا بجٹ اجلاس آج سے جموں میں دوبارہ شروع ہورہا ہے۔

اجلاس کے دوران کئی محکموں کی کارکردگی ، بجٹ اور اخراجات سے متعلق معاملات پر بحث ہونے کی توقع ہے۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے صحت و طبی تعلیم محکمے کے طریقہ کار میں مزید بہتری لانے کے لیے نیتی آیوگ کے ساتھ مسلسل تعاون پر زور دیا ہے۔

جموں میں کل محکمے کی افسران کی ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے ان مشترکہ کوششوں پر اطمینان کا اظہار کیا جن کے نتیجے میں کئی اقدامات عملی شکل اختیار کر چکے ہیں۔چیف سیکرٹری نے نیتی آیوگ کی سفارشات کے مطابق صحت کے شعبے میں اصلاحات کے لیے ایک جامع اور انقلابی روڈ میپ مرتب کرنے کا عمل بھی جائزہ لیا۔

معطل

کے استعمال کی شکایت ملنے Glucose گورنمنٹ میڈیکل کالج اسپتال اننت ناگ میں زائد المعیاد کے بعد انتظامیہ نے اسپتال کے تین ملازمین کو معطل کیا ہے ۔اسپتال کے میڈیکل سپر انٹنڈنٹ ڈاکٹر اَرشد حسن صدیقی نے ہمارے نمائندے کو بتایا کہ اس معاملے میں با ضابطہ تحقیقات شروع کی گئی ہے اور قصورواروں کے خلاف کاروائی کی جائے گی۔

تھیٹر ڈے

آج ورلڈ تھیٹر ڈے منایا جا رہا ہے ۔ اس دن کو منانے کا مقصد تہذیبی ، تمدنی ، ثقافتی اور روایتی اقدار کو اجا گر کرنے کے علاوہ سماج میں تھیٹر کی اہمیت سے متعلق بیداری پیدا کرنا ہے ۔ اس دن کی مناسبت سے آج جموں کشمیر میں بھی کئی پروگرام منعقد ہو رہے ہیں ۔

تبسم ناز

ڈائریکٹر کالجز جموں و کشمیر، پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے ڈگری کالج پونچھ کے زولوجی شعبے کی پروفیسر ڈاکٹر تبسم ناز کے سڑک حادثے میں انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے اس حادثے میں شدید زخمی ہوئے ان کے شوہر محمد حمید کی جلد صحتیابی کے لیے بھی دعا کی۔

شاہراہ

سرینگر - جموں قومی شاہراہ پر ٹریفک کی آمد و رفت کل رات دیر گئے دونوں جانب سے بحال کر دی گئی۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ شاہراہ کو رام بن سیکٹر میں چندرکوٹ کے قریب گرول کے مقام پر شدید لینڈ سلائیڈنگ اور بڑے پتھروں کے گرنے کے باعث چھ گھنٹے تک بند کیا گیا تھا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت8 اعشاریہ 3 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت16 اعشاریہ 7 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ